## نیوکراچی میں مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے ایم کیوایم کے کارکن محمد دانش کوشہید کردیا

## محمد دانش یونٹ آفس کے قریب گلی میں بیٹھے تھے کہ موٹر سائیکلوں پر سوار مسلح دہشت گردوں نے خودکار ہتھیاروں سے ان پر فائرنگ کردی

## شہید کوصدیق آباد نیوکراچی کے قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا،تدفین میں رابطہ کمیٹی،وزراء،اراکین اسمبلی اور کارکنان کی شرکت

کراچی۔۔۔17،اکتوبر2008ء

نیوکراچی کے علاقے سیکٹر J-5 میں مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے متحدہ قومی موومنٹ نیوکراچی سیکٹر کے کارکن محمد دانش کوشہید کردیا۔تفصیلات کے مطابق ایم کیوایم یونٹ 140 B - کے کارکن دانش اور ایک ہمدرد محمد عرفان جمعرات،رات ساڑھے گیارہ بجے یونٹ آفس کے قریب بیٹھے تھے کہ دوموٹر سائیکلوں پر سوار مسلح دہشت گردوں نے جدید وخودکار ہتھیاروں سے ان پر فائرنگ کردی۔دانش کوجسم کے مختلف حصوں پر کئی گولیاں لگیں جبکہ عرفان کوٹانگ میں گولی لگی۔دونوں کواسپتال لے جایا جارہا تھا کہ محمد دانش زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے شہید ہوگئے جبکہ محمد عرفان اسپتال میں زیرعلاج ہیں۔محمد دانش شہید ولد صلاح الدین غیر شادی شدہ تھے۔ان کی عمر21 سال تھی۔دانش شہید کے سوگواران میں والدین،دو بھائی اور ایک بہن شامل ہیں۔محمد دانش شہید کوآج صدیق آباد نیوکراچی کے قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ بعدنماز جمعہ سیکٹر J-5 کی جامع مسجد اقصیٰ میں ادا کی گئی۔جنازے میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف،صوبائی وزراء ڈاکٹر صغیر احمد،اظہارالحسن،خالد عمر،حق پرست اراکین سندھ اسمبلی عادل خان،معین خان،ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی،نیوکراچی،نارتھ کراچی اور سرجانی ٹاؤن سیکٹرز کمیٹیوں کے ارکان،یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان اور ہمدردوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## فرقہ پرست تنظیم کے مسلح دہشت گردوں نے لائنز ایریا کے علاقے جٹ لائن میں فائرنگ کرکے

## ایم کیوایم کے جواں سال کارکن فاروق کوشہید کردیا

## محمد فاروق جٹ لائن میں واقع کلینک میں ڈسپنسر تھے کہ مسلح دہشت گردوں نے کلینک میں گھس کران کوگولیاں ماریں

## مسلح دہشت گردوں نے شاہ فیصل کالونی میں دکانوں پر فائرنگ کرکے ایم کیوایم کے تین ہمدردوں محمد حسین،محمد شاہد اور مرزا شفقت کوزخمی کردیا

کراچی۔۔۔17اکتوبر2008ء

ایک فرقہ پرست تنظیم سے تعلق رکھنے والے مسلح دہشت گردوں نے لائنز ایریا کے علاقے جٹ لائن میں فائرنگ کرکے ایم کیوایم کے ایک جواں سال کارکن فاروق کوشہید کردیا۔تفصیلات کے مطابق محمد فاروق جٹ لائن مین اسٹاپ پر واقع کلینک میں ڈسپنسر تھے کہ فرقہ پرست تنظیم کے مسلح دہشت گردوں نے کلینک میں گھس کران پر قریب سے گولیاں ماریں جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی شہید ہوگئے۔محمد فاروق شہید کی عمر24 سال تھی اور وہ غیر شادی شدہ تھے۔اسی طرح فرقہ پرست تنظیم کے مسلح دہشت گردوں نے شاہ فیصل کالونی نمبرایک کے ریشم بازار میں دکانوں پر فائرنگ کی جس کے نتیجے میں ایم کیوایم کے تین ہمدرد محمد حسین ولد محمد رفیق،محمد شاہد ولد محمد عمر اور مرزا شفقت ولد مرزا حمید زخمی ہوگئے۔فرقہ پرست تنظیم کے مسلح دہشت گردوں نے نیوکراچی کے علاقے میں ایم کیوایم کے کارکن فہیم کوگولیاں مار کر زخمی کردیا۔ان دہشت گردوں نے شہر کے مختلف علاقوں میں بھی فائرنگ کرکے خوف وہراس پھیلایا۔

## ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر کے کارکن محمد دانش کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔17،اکتوبر2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر یونٹ B-140 کے کارکن محمد دانش کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان غم اور دکھ کی اس گھڑی میں آپکے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## لائنز ایریا سیکٹر کے کارکن محمد فاروق کے بہیمانہ قتل پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

## شہید کارکن کے لواحقین سے اظہار تعزیت ۔ زخمی کارکنوں اور ہمدردوں سے اظہار ہمدردی

لندن۔۔17اکتوبر2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لائنز ایریا کے علاقے جٹ لائن میں ایم کیوایم کے جواں سال کارکن محمد فاروق کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کی ہے اوراس واقعہ پر انکے اہل خانہ سے دلی افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے محمد فاروق شہید کے لواحقین سے تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں اوردعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ فاروق شہید کو جنت الفردوس میں جگہ دے اورلواحقین کو صبر جمیل عطا کرے ۔ جناب الطاف حسین نے شاہ فیصل کالونی میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے ہمدردوں محمد حسین ، محمد شاہد اور مرزا شفقت اور نیوکراچی سیکٹر کے کارکن فہیم سے بھی دلی ہمدردی کا اظہار کیا اوران کی صحتیابی کیلئے دعا کی ۔

## ایم کیوایم کے کارکن محمد دانش شہید کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے ، رابطہ کمیٹی

## ایک فرقہ پرست ٹولے سے تعلق رکھنے والے جرائم پیشہ دہشت گردوں نے نیوکراچی میں دہشت گردی کا بازار گرم کررکھا ہے

کراچی۔۔۔17، اکتوبر2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر یونٹB-140 کے کارکن محمد دانش کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوردہشت گردی کی اس گھناؤنی کارروائی کو شہر کا امن خراب کرنے کی سازش کا حصہ قرار دیا ہے ۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایک فرقہ پرست ٹولے سے تعلق رکھنے والے جرائم پیشہ دہشت گردوں نے نیوکراچی میں دہشت گردی کا بازار گرم کررکھا ہے اور یہ دہشت گرد اپنی دہشت گردیوں کے ذریعے نیوکراچی اور شہر کے مختلف علاقوں کا امن تباہ کرنے پر تلے ہوئے ہیں ۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گزشتہ روز محمد دانش کی ٹارگٹ کلنگ بھی ان دہشت گردوں کی گھناؤنی کارروائیوں کے سلسلے کی کڑی ہے ۔ رابطہ کمیٹی نے صدر آصف زرداری ، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی ، وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک ، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد ، وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ اور وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم کے کارکن محمد دانش کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اوراس میں ملوث سفاک دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے ۔ رابطہ کمیٹی نے محمد دانش شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ دانش شہید کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورلواحقین کو صبر جمیل عطا کرے ۔

## فرقہ پرست تنظیم کے مسلح دہشت گردوں کا ٹولہ شہر کا امن تباہ کرنا چاہتا ہے ۔ رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ

## شہر میں دہشت گردی کا بازار گرم کرنے والے دہشت گردوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے ۔ رابطہ کمیٹی

## ایم کیوایم کے کارکنان وہمدرد پرامن رہیں اور شہر کا امن خراب کرنے کی تمام کوششیں ناکام بنادیں ۔ رابطہ کمیٹی کی اپیل

کراچی۔۔۔17اکتوبر2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایک فرقہ پرست تنظیم سے تعلق رکھنے والے مسلح دہشت گردوں کی جانب سے لائنز ایریا کے علاقے جٹ لائن میں فائرنگ کرکے ایم کیوایم کے ایک جواں سال کارکن فاروق کو شہید کرنے اور نیوکراچی ، شاہ فیصل کالونی اور شہر کے دیگر علاقوں میں ایم کیوایم کے کئی کارکنوں ، ہمدردوں اور عام شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے کی شدید مذمت کی ہے ۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایک فرقہ کے نام پر خود کو تنظیم قرار دینے والے مسلح دہشت گردوں اور جرائم پیشہ افراد کے ٹولے نے جس کا مقصد شہر میں سوائے دہشت گردی اور جرائم پیشہ سرگرمیوں کے اور کچھ نہیں ہے ، اس ٹولے نے پہلے نیوکراچی میں دہشت گردی کا بازار گرم کیا ، جمعرات کی شب ایم کیوایم کے کارکن محمد دانش کو شہید اورایک ہمدرد عرفان کو زخمی کیا اورآج دہشت گردوں کے اس ٹولے نے نیوکراچی سمیت شہر کے مختلف علاقوں میں دہشت گردی کا بازار گرم کیا ، ان دہشت گردوں نے نیوکراچی میں ایم کیوایم کے ایک کارکن فہیم کو نماز جمعہ پڑھ کر مسجد سے نکلتے ہوئے گولیاں مار کر زخمی کیا ۔ ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر کے جواں سال کارکن فاروق جو جٹ لائن میں واقع کلینک میں ڈسپنسر تھے ، فرقہ پرست تنظیم کے مسلح دہشت گردوں نے کلینک میں گھس کر ان پر قریب سے گولیاں ماریں جسکے نتیجے میں وہ موقع پر ہی شہید ہوگئے ۔ اسی طرح فرقہ پرست تنظیم کے مسلح دہشت گردوں نے شاہ فیصل کالونی نمبر ایک کے ریشم بازار میں دکانوں پر فائرنگ کی جسکے نتیجے میں ایم کیوایم کے تین ہمدردوں محمد حسین

ولد محمد رفیق، محمد شاہد ولد محمد عمر اور مرزا شفقت ولد مرزا حمید کو زخمی کر دیا۔ ان دہشت گردوں نے رنچھوڑ لائن، میٹھادر، کھارادر، لیاری، گلشن اقبال اور دیگر علاقوں میں بھی دہشت گردی کا بازار گرم کیا اور دکانوں اور راہگیروں پر فائرنگ کر کے خوف وہراس پھیلایا، گن پوائنٹ پر لوگوں سے دکانیں بند کرائیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ دہشت گردوں کا یہ ٹولہ شہر کا امن تباہ کرنا چاہتا ہے تاکہ ایک طرف تو شہر کی تعمیر وترقی کیلئے حق پرست قیادت جو کام کر رہی ہے اس کی راہ میں رکاوٹیں کھڑی کی جائیں اور شہر کا امن خراب کر کے صوبائی حکومت کیلئے بھی مشکلات پیدا کی جائیں۔ رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ شہر میں دہشت گردی کا بازار گرم کرنے والے دہشت گردوں کے ٹولے کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور ایم کیو ایم کے کارکنوں محمد دانش شہید اور محمد فاروق شہید کے قتل اور ایم کیو ایم کے کئی بے گناہ کارکنوں اور ہمدردوں کو زخمی کرنے میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے۔ رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کے تمام کارکنوں اور ہمدردوں سے اپیل کی کہ وہ فرقہ پرست ٹولے کی تمام تر دہشت گردیوں کے باوجود پر امن رہیں، صبر وضبط اور تحمل کا مظاہرہ کریں اور شہر کا امن خراب کرنے کی تمام کوششیں ناکام بنادیں۔

## صدر آصف علی زرداری کو کامیاب دورہ ٔچین پر الطاف حسین کی زبردست مبارکباد

## کامیاب دورے سے چین اور پاکستان کے دیرینہ، قریبی اور دوستانہ تعلقات میں مزید اضافہ ہوگا۔ الطاف حسین

لندن۔۔۔17 اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صدر پاکستان آصف علی زرداری کو ان کے کامیاب دورہ ٔچین کی زبردست مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ صدر آصف زرداری کے کامیاب دورے سے چین اور پاکستان کے دیرینہ، قریبی اور دوستانہ تعلقات میں مزید اضافہ ہوگا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہم چائنا کی طرف سے پاکستان کو مالی امداد اور سیٹلائٹ ٹیکنالوجی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون فراہم کرنے کی پیشکش کا خیر مقدم کرتے ہیں اور اس پر چین کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے امید ظاہر کی کہ چین ایک دیرینہ دوست ملک کی حیثیت سے پاکستان کو معاشی بحران سے نکالنے میں بھی ہر ممکن مدد کرے گا اور دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تعلقات مزید فروغ پائیں گے۔

## سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال کی لندن میں متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین سے ملاقات

## سگنل فری کوریڈور 2 کے بڑے منصوبے کی تکمیل پر سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال کو الطاف حسین کی زبردست شاباش

لندن۔۔۔17 اکتوبر 2008ء

سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال نے ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے ملاقات کی۔ سٹی ناظم کراچی نے جناب الطاف حسین کو شہری حکومت کی جانب سے جاری ترقیاتی منصوبوں اور شہر کی تعمیر وترقی کے سلسلے میں کئے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا۔ سٹی ناظم نے جناب الطاف حسین کو کراچی کی سٹی گورنمنٹ کی جانب سے تعمیر ہونے والے 19 کلومیٹر طویل سگنل فری کوریڈور 2 کے بارے میں بھی آگاہ کیا جو 3 بلین روپے کی لاگت سے سرجانی ٹاؤن سے شاہراہ فیصل تک تعمیر کیا گیا ہے جس کی تعمیر سے شہر میں ٹریفک کے مسئلے کے حل میں کافی مدد ملے گی۔ جناب الطاف حسین نے کراچی کی تعمیر وترقی کے سلسلے میں حق پرست سٹی گورنمنٹ کی جانب سے کئے جانیوالے اقدامات کو سراہا اور سگنل فری کوریڈور 2 کے بڑے منصوبے کی تکمیل پر سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال کو زبردست شاباش اور خراج تحسین پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے سٹی ناظم کراچی سے کہا کہ وہ شہر کی تعمیر وترقی اور تمام شہریوں کی بلاامتیاز خدمت کا سلسلہ جاری رکھیں۔

## اراکین رابطہ کمیٹی اورارکان پارلیمنٹ کی انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین سے ملاقات

## اراکین رابطہ کمیٹی تنظیمی صورتحال کومزید بہتر بنائیں،ارکان پارلیمنٹ عوامی مسائل کے حل کیلئے کوششیں تیز کریں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔17اکتوبر2008ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینزاورقومی اسمبلی میں پارٹی کے پارلیمانی لیڈرڈاکٹر فاروق ستار،سینیٹ میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈراورسابق وفاقی وزیربابرغوری،رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب،شکیل عمر،اشفاق منگی اوررکن سندھ اسمبلی نثارپہنور نے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے ملاقات کی ۔جناب الطاف حسین نے اراکین رابطہ کمیٹی پرزوردیا کہ وہ تنظیمی صورتحال کومزیدبہتر بنائیں اورتنظیمی کام کومزید منظّم کریں۔انہوں نے ارکان پارلیمنٹ پرزوردیا کہ وہ عوامی مسائل کے حل کیلئے کوششیں تیز کریں۔انہوں نے سابق وفاقی وزیربابرغوری کوان کی وزارت کے دورمیں کئے جانے والے منصوبوں کوسراہااوران کی کارکردگی کی تعریف کی ۔

☆☆☆☆☆